© rasailojaraid.com

**للکار** — نتیجۂ فکر یعقوب طاہر صاحب۔ قیمت ۱/۸، صفحات ۴۴۱ ملنے کا پتہ: مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی، اچھرہ لاہور۔

اسلام پسند شعراء میں یعقوب صاحب کافی معروف ہیں۔ اور ان کے کلام کو کافی حد تک پسند کیا جاتا ہے۔ یعقوب صاحب کی شاعری مقصدی شاعری ہے اس لیے چند حدود و شرائط کی پابند ہے۔ اس پابندی کی وجہ سے ان کے کلام میں سنجیدگی اور وزن پیدا ہو گیا ہے۔ وہ چونکہ راہِ حق کے ایک فرض شناس سپاہی ہیں اس لیے اکثر و بیشتر ان کے کلام میں رجز کی سی کیفیت پائی جاتی ہے۔ وہ حساس دل رکھتے ہیں اس لیے معاشرے کی ذرا سی خرابی اور بے راہ روی سے تلملا اٹھتے ہیں اور اس تلملاہٹ کا اظہار پورے خلوص کے ساتھ اشعار میں کر دیتے ہیں۔ اسی وجہ سے تفکر کا ٹھہراؤ آپ کے کلام میں بہت کم پایا جاتا ہے۔ غالباً جذبات کی شدت میں کمی ہو گی تو حکمت کا اثر ذہن میں کارفرما ہو جائے گا اور پھر حکمت و جذبات کے امتزاج سے ایک زیادہ متوازن اور فن کلام پیدا ہو گا جس میں انسانی زندگی کے حقائق کا اظہار اور جذباتی رنگینی کا رچاؤ اپنی اپنی مناسبت سے جلوہ گر ہو جائیں گے۔

شروع میں یعقوب صاحب صرف نظم لکھتے تھے لیکن اب دو ایک سال سے غزل کا تجربہ کر رہے ہیں اور شاید اس تجربے میں انھیں نظم سے زیادہ کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ غزل کی ایمائیت۔ داخلیت اور جذباتی رچاؤ کے عناصر سے اپنی چند غزلوں میں کام لینے کی کوشش کی ہے جو خاصی کامیاب معلوم ہوتی ہے۔ غرضیکہ فنی ارتقا کے لیے ابھی یعقوب صاحب کو بہت کچھ کرنا ہے۔ زبان کی لطافت اور استادانہ قدرت کی منزل تک پہنچنے کے لیے ابھی کئی منزلوں سے گزرنا پڑے گا۔ کتاب کی طباعت اور کتابت ناقص ہے۔

(ا۔ ا۔ س)

**ماہنامہ ہماری دنیا** — زیر ادارت طاہر رسول صاحب، محبوب ربانی صاحب اور عزیز الرحمٰن صاحب۔ قیمت فی پرچہ چھ آنے۔

والدین کو جہاں ننھے بچوں کی جسمانی نشو و نما کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے، وہاں اُن کی ذہنی تربیت بھی انتہائی ضروری ہے۔ اس عہد میں احساسات کے جو بیج قلوب میں ڈال دیئے جاتے ہیں وہ وقت کے

© rasailojaraid.com